حیثیت رکھتی ہے۔

اس کتاب کا حرفے چند مورخ اہل حدیث مولانا محمد اسحاق بھٹی صاحب نے لکھا ہے اور اس کی مختلف جلدوں پر مولانا اصغر علی امام مہدی السلفی' مولانا ثناء اللہ سیالکوٹی' ڈاکٹر عبدالرؤف ظفر اور مولانا شیر خان جمیل احمد عمری کی تقاریظ ہیں۔

مبارکباد کے مستحق ہیں محترم ڈاکٹر بہاءالدین صاحب کہ انہوں نے یہ کتاب لکھ کر اپنا نام تحریک ختم نبوت کے پروانوں میں لکھوالیا ہے۔ دعا ہے اللہ تعالیٰ ڈاکٹر صاحب کی اس کاوش کو اپنی بارگاہ میں قبول و منظور فرمالے۔ آمین۔

کتاب نہایت خوبصورت طباعت' مضبوط جلد بندی کے ساتھ اعلیٰ سفید کاغذ پر طبع کی گئی ہے۔ اس کا مطالعہ تاریخی اعتبار سے بڑا مفید رہے گا۔

☆......☆......☆......☆......☆......☆

نام کتاب: دورِ حاضر کے مالی معاملات کا شرعی حکم

مصنف: حافظ ذوالفقار علی حفظہ اللہ

صفحات: 208 قیمت: 150 روپے صرف

ناشر: ابوہریرہ اکیڈمی 37- کریم بلاک اقبال ٹاؤن لاہور 0425417233

شیخ الحدیث حافظ ذوالفقار علی صاحب نہایت ذکی وفطین اور عصر حاضر کے معاملات پر گہری نظر رکھنے والے باصلاحیت عالمِ دین ہیں۔ اللہ تعالیٰ نے ان کو دینی علوم کی دولت سے بہرہ مند فرمایا ہے اور آپ جامعہ ابوہریرہ لاہور میں شیخ الحدیث کے طور پر تدریسی خدمات سرانجام دیتے ہیں۔

زیرنظر کتاب ان کی علمی وتحقیقی کاوش ہے۔ اس میں انہوں نے دورِ حاضر کے مالی معاملات کا جائزہ لے کر ان سے متعلق شرعی مسائل بیان کیے ہیں۔ اس کتاب میں اسلام اور جدید مسائل' مالی معاملات کے

بنیادی اصول، مروجہ معاملات کی تفصیل، اسلامی بینکاری کی حقیقت، قرض کے مسائل جیسے عنوان دے کر خوب دادِ تحقیق دی گئی ہے۔

حافظ صاحب نے اپنے موقف کی وضاحت میں قرآن وحدیث سے دلائل دیئے ہیں اور آج کے دور میں عوام میں پائی جانے والی غلط فہمیوں کو بڑی وضاحت سے دور کیا ہے۔ کتاب میں معیشت وتجارت کے اسلامی اصول وضوابط بھی بیان کیے گئے ہیں۔ سود کی حرمت، کریڈٹ کارڈز کی حقیقت، سودی وغیر سودی کاروبار میں فرق، انشورنس، شیئرز کی خرید وفروخت، ہنڈی، چیک، پگڑی پر خرید وفروخت، قسطوں پر خریداری، بینکوں میں رائج طریقہ وغیرہ موضوعات پر بڑی تفصیل سے گفتگو کی گئی ہے اور کسی پہلو کو بھی تشنہ نہیں چھوڑا گیا۔ حافظ صاحب کی یہ بہت بڑی خدمت ہے جو انہوں نے سرانجام دی ہے اور اس کتاب میں دورِ حاضر کے مالی معاملات پیش کر کے انہیں سمجھنے کا موقع فراہم کیا ہے۔ بلاشبہ اس کتاب کے مطالعہ سے بہت سے مالی معاملات کو سمجھا جاسکتا ہے اور غیر شرعی معاملات سے خود کو بچایا جاسکتا ہے۔

کتاب کی کمپوزنگ، طباعت، کاغذ اور جلد بندی سب معیاری ہے۔ ہر مسلمان بھائی بالخصوص تاجر و کاروباری حضرات کو اس کتاب کا مطالعہ ضرور کرنا چاہیے۔

☆......☆......☆......☆......☆......☆

نام کتاب: برصغیر پاک وہند کے چند تاریخی حقائق

مصنف: محمد احسن اللہ ڈیانوی عظیم آبادی رحمۃ اللہ علیہ......محمد تنزیل صدیقی الحسینی

صفحات: 208 قیمت: 150 روپے صرف

ناشر: مکتبہ دارالاحسن دکان نمبر 64، نعمان سینٹر گلشن اقبال بلاک نمبر 5، کراچی

برصغیر پاک وہند میں مختلف ادوار میں جتنی بھی مذہبی، سیاسی اور اسلامی تحریکیں معرض وجود میں آئیں ان میں علمائے اہل حدیث نے دامے درمے قدمے سخنے بڑھ چڑھ کر حصہ لیا اور اپنی جدوجہد اور مساعی